بسم اللہ الرحمن الرحیم

# قرآن سننا بھی عبادت ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا قرآن پاک کا سننا بھی عبادت ہے اگرچہ اس کا مطلب سمجھ نہ آتا ہو؟

## جواب

قرآن مجید سننا بھی عبادت ہے اگرچہ اس کے معنی سمجھ نہ آتے ہوں۔ البتہ معنی سمجھنے کی بھی کوشش کرنی چاہیئے اور اس کے لئے قرآن پاک ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھنا چاہیئے کہ قرآن پاک کا حق یہ ہے اس کو سمجھ کر پڑھا جائے جیسا کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اعطوا أعينكم حظها من العبادة قيل: يا رسول الله وما حظها من العبادة قال: النظر في المصحف والتفكر فيه والاعتبار عند عجائبه" یعنی اپنی آنکھوں کو ان کی عبادت کا حصہ دو۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آنکھ کی عبادت کا حصہ کیا ہے؟ فرمایا: قرآن پاک کی زیارت کرنا، اس میں غور و فکر کرنا اور اس کے عجائبات پر غور کرنا۔ (شعب الایمان للبیھقی، ج2، ص348، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت)

قرآن پاک ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھنے کے لئے تفسیر صراط الجنان کا مطالعہ کریں۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2533

تاریخ اجرا: 22 ربیع الآخر 1447ھ/16 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net